PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں بھی پاکستان پر شکست کے بادل منڈلانے لگے

لاہور،یکم دسمبر2019ء:

ایڈیلیڈ اوول میں جاری ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز کے اختتام پر فالوآن کا شکار پاکستان نے دوسری اننگز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 39 رنزبنالیے ہیں۔تاحال 248 رنز کے خسارے کا شکار پاکستان کی ٹیم پہلی اننگز میں 302 رنزبناکر آؤٹ ہوئی۔میچ کی پہلی اننگز میں یاسر شاہ نےاپنے ٹیسٹ کیرئیر کی پہلی سنچری اسکور کی جبکہ بابراعظم نروس نائنٹیز کا شکار ہوگئے۔

اس سے قبل آسٹریلیا کے 589 رنز کے جواب میں پاکستان کی جانب سے بابراعظم اور یاسر شاہ نے 6وکٹوں کے نقصان پر 96 رنز سے میچ کے تیسرے روز کے کھیل کا آغاز کیا تو دونوں کھلاڑیوں نےآسٹریلوی باؤلرز کے سامنے بھرپور مزاحمت کرتے ہوئے105 رنز کی شراکت قائم کی۔ بابراعظم 97 رنز بناکر آؤٹ ہوگئے۔ 132 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 11چوکے شامل تھے۔

بابراعظم کےآؤٹ ہونے کے بعد پاکستان کی بیٹنگ لائن اپ کی کمان یاسر شاہ نے سنبھال لی۔ شاہین شاہ آفریدی کے جلد آؤٹ ہونے کے بعد انہوں نے نویں وکٹ کے لیے محمد عباس کے ہمراہ 87 رنز کی شراکت قائم کرتے ہوئے اپنے ٹیسٹ کیرئیر کی پہلی سنچری اسکور کی۔ 213 گیندوں پر مشتمل ان کی113 رنز کی شاندار اننگز میں 13 چوکے شامل تھے۔ محمد عباس 29رنزبناکرآؤٹ ہوئے۔آسٹریلیا کی جانب سے مچل اسٹارک نے پہلی اننگز میں 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم پہلی اننگز میں 302 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ فالوآن کا شکار پاکستان کے بلے باز دوسری اننگز میں بھی متاثرکن کھیل کا مظاہرہ نہ کرسکے اور ابتدائی تین کھلاڑی محض 20کے مجموعی اسکور پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ امام الحق صفر، اظہر علی 9 اور بابراعظم 8رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔دن کے اختتام پر پاکستان نے 3وکٹوں کے نقصان پر 39 رنزبنالیے ہیں۔ شان مسعود 14 اور اسد شفیق 8رنزبناکر کریز پر موجود ہیں۔

قومی ٹیم کو اننگز کی شکست سے بچنے کے لیے مزید249رنزدرکار ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk